# دی پریپ سکول

**جماعت: سوم　　　اردو　　　2025-26**

**اطلاقی گرامر: حرف، فاعل، مفعول، فعل**

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ وہ کلمہ جو الفاظ کے درمیان تعلق پیدا کرے حرف کہلاتا ہے۔

کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔

مفعول وہ اسم ہے جو اس چیز یا شخص کو ظاہر کرے جس پر کوئی کام ہوا ہو۔

فعل وہ لفظ ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا وقت کے تعلق کے ساتھ پایا جائے۔

جیسے: **بادشاہ نے مسجد بنوائی۔**

اوپر دیے گئے جملے میں بادشاہ فاعل، مسجد مفعول، بنوائی فعل اور نے حرف ہے۔

## سرگرمی: 1 دیے گئے فقرات میں خط کشیدہ الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟ درست جواب منتخب کیجیے۔

۱۔ شہزادہ گھوڑے پر سوار تھا۔ ＿＿＿＿＿＿　　حرف　　مفعول

۲۔ شیر غار میں سو رہا ہو گا۔ ＿＿＿＿＿＿　　فعل　　فاعل

۳۔ گھوڑا گھاس کھاتا ہے۔ ＿＿＿＿＿＿　　مفعول　　حرف

۴۔ بچے جھنڈیاں لگا رہے ہیں۔ ＿＿＿＿＿＿　　فاعل　　فعل

## سرگرمی نمبر: 2 مناسب فعل کا انتخاب کرتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔

لگا رہا ہے۔　　چلا رہا ہے۔　　سیتا ہے۔　　پکا رہا ہے۔





۱۔ کسان کھیتوں میں ہل ＿＿＿＿＿＿

۲۔ درزی کپڑے ＿＿＿＿＿＿

۳۔ باورچی کھانا ＿＿＿＿＿＿

۴۔ مالی پودے ＿＿＿＿＿＿





LIVEWORKSHEETS